سکاٹش پارلیمنٹ کی طرف سے فراہم کردہ لِسانی مدد

سکاٹش پارلیمنٹ یہ یقینی بنانا چاہتی ہے کہ سکاٹ لینڈ کے سبھی باشندے، خواہ کوئی بھی زبان استعمال کرتے ہوں، اس کے کاموں میں حصہ لیں۔ کسی بھی زبان میں معلومات اور فرمائش کے لئے آپ کی ابتدائی رابطہ منزل پبلک انفارمیشن سروس ہے۔ ہم آپ کی فرمائش کا جائزہ لیں گے اور مزید پیش رفت میں آپ کی مدد کریں گے۔

میں اپنی زبان میں کیسے کوئی سوال کرسکتا ہوں ؟

آپ کسی بھی زبان میں سکاٹش پارلیمنٹ یا اپنے ایم ایس پی صاحبان کو ای میل یا خط لکھ سکتے ہیں۔ آپ کسی بھی زبان میں کمیٹی کو عرضداشت (پٹیشن) یا تحریری ثبوت بھی بھیج سکتے ہیں۔ کیونکہ ہمیں بیرونی ایجنسیوں سے انٹرپریٹنگ اور ٹرانسلیشن سروسز کا بندوبست کرنا پڑتا ہے لہذا تحریراً یا ریکارڈ شدہ موادمثلاً ڈی وی ڈی یا برٹش سائن لینگوئج (بی ایس ایل) استعمال کرنے والوں کی طرف سے وڈیوز، کی صورت میں آپ کی درخواست پرعمل کرناآسان ہے۔

ہم انگریزی یا گیلک زبان میں ٹیلیفون کالز، ٹیکسٹ فون کالز اور ٹیکسٹ میسجز وصول کرسکتے ہیں۔ اگر آپ انگریزی زبان نہیں بولتے تو آپ کی جانب سے آپ کا کوئی دوست یا رشتہ دار ہم سے رابطہ کرسکتا ہے۔

میں کیا طلب کر سکتا ہوں؟

پارلیمنٹ کے ساتھ وابستگی استوار کرنے کے قابل بننے کے لئے آپ سکاٹش پارلیمنٹ کی شائع کردہ معلومات کا اپنی زبان میں ترجمہ کرنے کے لئے کہہ سکتے ہیں۔اگر آپ کو کسی کمیٹی اجلاس میں گواہی کے لئے مدعو کیا گیا ہے یا اگر کسی پارلیمانی پروگرام میں حصہ لینے کے لئے آپ کو مدد درکار ہے تو آپ انٹرپریٹر(مترجم) کی خدمات کے لئے بھی کہہ سکتے ہیں۔ ہم مقصد ، مدت اور لاگت کو مدنظر رکھتے ہوئےسبھی معقول درخواستوں پرمدد فراہم کریں گے۔ ان سروسزکا انحصار دستیاب ہونے پر ہے اور انہیں کم ازکم دو ہفتے پیشگی بُک کرنا چاہیے۔

اگر مجھے پارلیمنٹ کے کسی پروگرام میں شرکت کے لئے انٹرپریٹر(مترجم) کی ضرورت ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے ؟

اگر آپ کو کسی پروگرام کے دوران مدد کے لئے انٹرپریٹرکی ضرورت ہے تو براہ مہربانی متعلقہ پروگرام سے قبل جتنا جلدی ممکن ہو اپنے دعوت دینے والے گروپ کی پروگرام انتظامیہ سےرابطہ کریں۔ براہ مہربانی یاد رکھیں کہ عام طور پرانٹرپریٹرکی خدمات حاصل کرنے کے لئے کم ازکم دو ہفتوں کا نوٹس درکار ہوتا ہے۔

میں اپنے ایم ایس پی صاحبان سے کیسے رابطہ کرسکتا ہوں؟

آپ اپنے ایم ایس پی صاحب کو کسی بھی زبان میں خط لکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے ایم ایس پی صاحب سے کسی مسئلے پربات چیت کرنا چاہیں تو آپ انہیں ملاقات کےلئےانٹرپریٹنگ سروس کا انتظام کرنے کے لئے کہہ سکتے ہیں۔

انتظام کرنے کے لئے کتنا وقت درکار ہوگا؟

اگر آپ کو انٹرپریٹرکی ضرورت ہو توبراہ مہربانی زیادہ سے زیادہ نوٹس دیں۔ عام طور پر کم ازکم دو ہفتوں کا نوٹس درکار ہوتا ہے اگرچہ کچھ زبانوں کے لئے انٹرپریٹر ز اورجہاں ایک سے زیادہ انٹرپریٹرکی خدمات درکار ہوں تو انتظام کرنے میں زیادہ مدت لگ سکتی ہے۔

خط وکتابت کی ٹرانسلیشن(ترجمے) کا انتظام عام طور پر پانچ کاروباری ایام میں کیا جاسکتا ہے ۔ البتہ بڑی دستاویزات (3,000 الفاظ سے زائد) ، بی ایس ایل ریکارڈنگ یا بعض زبانوں میں ٹرانسلیشن کے لئے 20 کاروباری ایام تک لگ سکتے ہیں ۔

کیا مجھے ٹرانسلیشن یا انٹرپریٹر کے لئےادائیگی کرنا پڑے گی؟

سکاٹش پارلیمنٹ ایسے لوگوں سے خرچ وصول نہیں کرتی جنہیں معقول طور پر ٹرانسلیشن کی ضرورت ہو یا جنہیں کسی کمیٹی کے سامنے شہادت دینے ، ایم ایس پی صاحب سے ملاقات کرنے یا پارلیمانی امور میں حصہ لینے کے لئے انٹرپریٹر کی ضرورت ہو۔ بی ایس ایل کی سہولت کے لئے کوئی اضافی خرچ نہیں ہے۔

میں مزید جانکاری کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

آپ ہماری ویب سائٹ پر سکاٹش پارلیمنٹ لینگوئج پالیسی ملاحظہ کرسکتے ہیں۔ آپ اپنی مطلوبہ معلومات کے بارے میں بات چیت کے لئےپبلک انفارمیشن سروس سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔

رابطہ تفصیلات

Public Information
The Scottish Parliament
Edinburgh
EH99 1SP

ٹیلیفون : 0800 092 7500
0131 348 5000

ٹیکسٹ: 07786 209888
ای میل: sp.info@scottish.parliament.uk